گرافکس ڈیزائنر کا ڈیجیٹل تصاویر بنا کر دینا کیسا؟

ریفرنس نمبر:IEC-0105 تاریخ:08-11-2023

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ہم گرافکس ڈیزائنگ(Graphics Designing) کا کام کرتے ہیں، لوگ ہم سے مختلف اشیاء ڈیزائن(Design) کرواتے ہیں، بعض اوقات ہمیں جانداروں کی تصاویر بنانے کا آرڈر(Order) بھی ملتا ہے اور کسٹمر کے متعلق ہمیں یہ کنفرم نہیں ہوتا کہ وہ بعد میں اس کا پرنٹ(Print) نکلوائے گا یا پرنٹ نکلوائے بغیر محض ڈیجیٹل پلیٹ فارم(Digital Platform) پر ہی اس کا استعمال کرے گا۔ تو کیا ہمارا ایسے شخص کو جانداروں کی تصاویر والی اشیاء بنا کر دینا جائز ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈیجیٹل تصویر(Digital Image) شرعاً تصویر کے حکم میں نہیں ہے لہذا پوچھی گئی صورت میں جب آپ کو یہ کنفرم نہیں ہے کہ کسٹمر جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالے گا تو آپ کا تصویروں پر گرافکس(Graphics) کا کام کرنا، جائز ہے، البتہ جن تصاویر میں بے حیائی، بے پردگی اور دیگر غیر شرعی امور ہوں تو ان تصویروں کا اگرچہ پرنٹ نہ بھی نکالا جائے، غیر شرعی امور پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ان پر گرافکس کا کام کرنا، جائز نہیں۔

معصیت(Sin) جب عین شے کے ساتھ قائم ہو مگر گناہ کے لئے متعین نہ ہو تو محض شک کی بناء پر اس شے کا بیچنا منع نہیں جیسا کہ ہدایہ میں ہے: "وإن كان لا يعرف أنه من أهل الفتنة لا باس بذلک، لانه يحتمل أن لا يستعمله فی الفتنة فلا يكره بالشک" یعنی: جس شخص کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ یہ اہل فتنہ میں سے ہے تو اسے ہتھیار بیچنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ ممکن ہے وہ اسے فتنہ پروری کے کاموں میں استعمال نہ کرے لہذا محض شک کی بناء پر ایسے شخص کو ہتھیار بیچنا مکروہ نہیں۔

(الھدایۃ، جلد4، صفحہ378، مطبوعۃ بیروت)

اسی طرح افیون (Opium) بیچنے سے متعلق امام اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”افیون نشہ کی حد تک کھانا حرام ہے اور اسے بیرونی علاج مثلاً ضماد وطلاء میں استعمال کرنا یا خوردنی معجونوں میں اتنا قلیل حصہ داخل کرنا کہ روز کی قدر شربت نشے کی حد تک نہ پہنچے تو جائز ہے اور جب وہ معصیت کے لئے متعین نہیں تو اس کے بیچنے میں حرج نہیں مگر اس کے ہاتھ جس کی نسبت معلوم ہو کہ نشہ کی غرض سے کھانے یا پینے کو لیتا ہے لان المعصیۃ تقوم بعینھا فکان کبیع السلاح من اھل الفتنۃ۔“

(فتاوی رضویہ، جلد23، صفحہ574، رضا فاونڈیشن، لاہور)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

23ربیع الآخر 1445ھ/08نومبر 2023ء

نوٹ: مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت اور مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی ویب سائٹ اور مرکز الاقتصاد الاسلامی کے فیس بک پیج islamicEconomicsCentre سے کی جا سکتی ہے۔
دار الافتاء اہل سنت ویب سائٹ www.daruliftaahlesunnat.net | مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی ویب سائٹ www.iecdawateislami.com

ایڈریس: فیضان پلاٹ نزد حنفیہ مجاہدین مسجد متصل عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ
Email:appointment@iecdawateislami.com